ڈرافٹ ای میل

محترم

سٹاکپورٹ کونسل اِس بات کو یقینی بنانے کا تہیہ کئے ہوئے کہ رہائش پذیر افراد کو اس موسم سرما میں مطلوبہ مدد اور معاونت حاصل ہو۔

ہمیں اس بات کا اعلان کرنے میں خوشی ہے کہ سکول کی عمر کے بچے جو خاندان کی آمدن کی بنیاد پر مفت سکول کا کھانا لینے کے مستحق ہیں، کے خاندانوں کو ہر مستحق بچے کے لئے 20 پونڈ کا ووچر ملے گا جو کہ کھانے، یوٹیلیز اور موسم سرما کی دیگر لازمی اشیاء خریدنے میں مدد کے لئے استعمال ہو گا۔ یہ ووچر زہاف ٹرم سکول ہالیڈے کے موقع پر بھیجے جائیں گے۔

آپکو درخواست دینے کے لئے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور یہ ووچر خودکار طریقے سے ہر بچے کے لئے پہنچ جائے گا جس کے لئے آپ نے آمدن کی بنیاد پر مفت سکول کھانے کا کلیم کیا ہے۔

آپکے ووچر کوڈ کے ساتھ پے پوائنٹ سے آپکو براہ راست ای میل ملے گی۔

پے پوائنٹ سے آپکو جو ای میل ملے گی اُس کا عنوان ہو گا کیش آوٹ ووچر۔ جہاں ہم بڑی تعداد میں ای میل ایڈریس رکھتے ہیں، ووچر کوڈ صرف آپکے اُس ای میل ایڈریس پر بھیجا جائیگا جو ہمارے پاس موجود ہے۔

اگر یہ ووچر 13 فروری تک آپ کے ان باکس میں ظاہر نہ ہو تو براہ مہربانی اپنے سپیمspam فولڈرز چیک کریں۔

اس ای میل میں ایک بار کوڈ ہو گا یہ بار کوڈ کسی پے پوائنٹ آوٹ لیٹ پر لے جائیں اور کیشئیر کو دکھائیں جو آپکو اس کی کیش ویلیو (مالیت) جاری کرے گا۔ براہ مہربانی ان ووچروں کو ای میل کی تاریخ سے 21 دن کے اندر اندر استعمال کریں۔ ایسا کرنے میں ناکامی کی صورت میں یہ ووچر ضائع ہو جائیگا۔

پے پوائنٹ کی ویب سائٹ https://consumer.paypoint.com/ پر پے پوائنٹ کی آوٹ لیٹس کی فہرست دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ تجویز کیا گیا ہے کہ پے پوائنٹ ووچر ز بڑے سٹوروں سے کیش کروائے جا سکتے ہیں جہاں فنڈز کی دستیابی ممکن ہو۔

ووچر کو کیش کروانے کی صورت میں آپ مطلوبہ مقاصد کے لئے ملنے والی رقم کو استعمال کرنے کے پابند ہیں جن میں فوڈ، یوٹیلیٹیز (گیس بجلی، پانی اور سوریج) شامل ہیں اور دیگر موسم سرما کی لازمی اشیاءہائی جین پروڈکٹس، گرم کپڑے اور گھریلو سامان

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپکو یہ ای میل غلطی سے ملی ہے یا اپنے اصلی ای میل کی تصدیق کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اس ایڈریس پر ای میل کریں:
benefitsfsm@stockport.gov.uk

اگر آپکو یہ ووچر دسمبر میں ملا تھا جسکی مالیت آپکے استحقاق سے زیادہ تھی تو آپکو اس مہینے اضافی ووچر نہیں ملے گا۔

اگر آپکو کوئی مدد یا معاونت درکار ہو تو اِس ویب سائٹ پر جائیں:

https://www.stockport.gov.uk/topic/money-advice-and-support-coronavirus

یا کونسل کی کاروناوائرس ویلفیئر لائن پر رابطہ کریں: 0161 217 6046

کاروناوائرس ہیلپ لائن سوموار تا جمعرات صبح 9 بجے سے 5 بجے شام تک کھلی رہتی ہے اور جمعے کے روز 9 بجے صبح سے 4.30 بجے شام

اگر انگلش آپکی مادری زبان نہیں ہے اور آپکو اس خط کے سمجھنے کے لئے مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں۔

بہترین آداب

سٹاکپورٹ کونسل